Total printed Page: 4] Roll No................

BAUL-202

Urdu Shayeri

Bachelor of Arts (BA-12/16/17)

Second Year, Examination, 2019

Time : 3 Hours Max. Marks : 80

ہدایات:۔ یہ پرچہ تین حصوں (الف، ب اور ج) پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے

سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجئے۔

(حصہ الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے نمبر 19

ہیں۔ 19x2=38

1۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کنہیں پانچ اشعار کی تشریح کیجئے۔

یہاں کوتاہیٔ ذوق عمل ہے خود گرفتاری

جہاں بازو سمٹتے ہیں وہیں صیاد ہوتا ہے

تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کر بہلایا گیا ہوں

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہی وعدہ یعنی نباہ کا تھا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن

بیٹھے رہے تصور جاناں کئے ہوئے

نگہ کی برچھیاں جو سہ سکے سینہ اُسی کا ہے

ہمارا آپ کا جیتا نہیں جینا اسی کا ہے

تیرے وعدے پر جئے تو یہ جان جھوٹ جانا

کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

تم ہمارے کسی رح نہ ہوئے

ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

یا

آج کی رات بہت گرم ہوا چلتی ہے

آج کی رات نہ فٹ پاتھ پہ نیند آئے گی

سب اٹھو، میں بھی اٹھوں تم بھی اٹھو، تم بھی اٹھو

کوئی کھڑکی اسی دیوار میں کھل جائے گی

یہ زمیں تب بھی نگل لینے پہ آمادہ تھی

پاؤں جب ٹوٹتی شاخوں پہ اتارے ہم نے

ان مکانوں کو خبر ہے نہ مکینوں کو خبر

ان دنوں کی جو گپھاؤں میں گزارے ہم نے

2۔ اصغر گونڈی یا شاد عظیم آبادی میں سے کسی ایک کی غزل گوئی کے امتیازی اوصاف تحریر کیجیے۔

3۔ کیفی اعظمی کی نظم ''مکان'' کا مرکزی خیال بتایئے۔

4۔ غالبؔ کے انداز بیاں کی انفرادیت پر روشنی ڈالئے۔

یا

حیدر علی آتشؔ کے کلام کی خصوصیات بتایئے۔

(حصہ ب)

درج ذیل میں سوالات میں سے کنہیں چار سوالات کے جوابات نہایت مختصر مگر جامع انداز میں لکھئے۔ 8x4=32

1۔ مرزا واجد حسین یاسؔ / یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھئے۔

2۔ مومنؔ کے یہاں ''مکرِ شاعرانہ'' اک صنعت نہ ہو کر ان کے کلام کی ایک خصوصیت بن گئی ہے؟

3۔ ''مکان'' کی روشنی میں کیفیؔ اعظمی کی اہمیت بتایئے؟

4۔ ''خون پھر خون ہے'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

5۔ شادؔ عظیم آبادی اور اصغرؔ گونڈوی میں سے کسی ایک کی سوانح عمری تحریر کیجئے۔

6۔ کیفی اعظمی کی نظم گوئی پر ایک مضمون لکھئے۔

7۔ غالب کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے۔

8۔ آتش کی غزل گوئی کی خصوصیات مختصراً لکھئے۔

(حصہ ج)

درج ذیل سبھی دس (10) معروضی سوالات کے صحیح جوابات منتخب کرکے تحریر کیجئے۔

10x1=10

1۔ ان میں سے کس کا تعلق لکھنؤ اسکول سے ہے؟

(الف) مرزا غالب (ب) شیخ امام بخش ناسخؔ

(ج) موہمن خاں مومن (د) داغ

2۔ ''مکان'' نظم کا تخلیق کار کون ہے؟

(الف) کیفی اعظمی (ب) ساحر لدھیانوی

(ج) مخدوم محی الدین (د) فیض احمد فیض

3۔ تصوف کا اثر کس کی غزلوں پر نمایاں ہے؟

(الف) یگانہؔ (ب) مومنؔ

(ج) اصغرؔ (د) ناسخؔ

4۔ کس کا تعلق ترقی پسند تحریک سے براہ راست رہا؟

(الف) اصغر گونڈوی (ب) علی محمد شاد عظیم آبادی

(ج) اسرار الحق مجازؔ (د) جگر مراد آباد

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(الف) مرزا یگانہ کو "غالب شکن" کہا گیا ہے۔

(ب) "نظم معرّیٰ" پابند نظم کو ہی کہتے ہیں۔

(ج) خواجہ میر درد علی محمد شاد عظیم آبادی کے ہم عصر تھے۔

(د) "تاج محل" نام کی نظم کیفی اعظمی نے لکھی۔

6۔ مقطعوں کی خوبی کے لئے کون سب سے زیادہ مشہور ہے؟

(الف) ذوقؔ (ب) آتشؔ

(ج) مومنؔ (د) حسرتؔ

7۔ درج ذیل شعراء میں سے کون فلمی دنیا سے وابستہ نہیں رکھا؟

(الف) ساحر لدھیانوی (ب) شکیل بدایونی

(ج) فانی بدایونی (د) کیفی اعظمی

8۔ ”خون پھر خون ہے....“ کس کی نظم ہے؟

(الف) مخدوم (ب) ساحرؔ

(ج) فیضؔ (د) مجازؔ

9۔ درج ذیل شعر میں خالی جگہ میں کون سا لفظ آئے گا؟

مکدّر یا مصفّٰی جس کو یہ دونوں ہی یکساں ہوں

حقیقت میں وہی مئے خوار ہے... اُسی کا ہے

(الف) جینا (ب) پینا

(ج) مینا (د) سینا

10۔ نظم ”چارہ گر“ کے تخلیق کار ہیں۔

(الف) ساحر لدھیانوی (ب) مجازؔ لکھنوی

(ج) مخدوؔم محی الدین (د) فیض احمد فیضؔ

****